چوتھا سمسٹر IV Semester	ڈی ایل۔ایڈ (ریگولر) D.El. Ed Regular	جون 2021

پرچہ : ابتدائی نگہداشت بچپن اور تعلیم

Paper - DLED412CCT: Early Childhood Care and Education

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks — Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. متوازن اور سیاق و سباق (Balanced & Contextualized Curriculum) سے متعلق منصوبہ بندی کے فارمولے کیا ہیں؟ ان میں سے کسی ایک کی وضاحت کیجیے۔
2. ابتدائی بچپن کی نگہداشت اور تعلیم ECCE کو 0-6 سال کی عمر سے 8 سال کی عمر تک توسیع کرنے کی وجوہات بیان کیجیے۔
3. ابتدائی بچپن کی نگہداشت اور تعلیم اسکول کی آمادگی (School Readiness) کے لیے کس حد تک مفید ہے؟ وضاحت کیجیے۔
4. بچوں میں صحت مند عادات پیدا کرنے میں ECCE ٹیچر کے کردار کا جائزہ لیجیے۔
5. ابتدائی بچپن کی نگہداشت اور تعلیم کی تدریسی منصوبہ بندی میں کھیل اور فنون کی اہمیت کی وضاحت کیجیے۔
6. گھر اور ابتدائی بچپن کی نگہداشت و تعلیم سنٹرس کے تعلقات کو کس طرح یقینی بنایا جا سکتا ہے؟ مختصراً تحریر کیجیے۔
7. ابتدائی اکتساب کے ترقیاتی معیارات Early Learning & Standards of Development میں سے کسی ایک معیار کو بیان کیجیے۔
8. ابتدائی دور میں خواندگی اور اعداد کی مہارت کو کس طرح فروغ دیا جا سکتا ہے؟
9. ابتدائی بچپن کی نگہداشت اور تعلیم تا حیات اکتساب اور ترقی میں بہت اہم ہے۔ کیوں؟ مدلل طور سے بیان کیجیے۔
10. جامع تعلیم کیا ہے؟ جامع تعلیم میں اساتذہ کے کردار کی وضاحت کیجیے۔

حصہ دوم

11. ابتدائی بچپن کی نگہداشت اور تعلیم کے بنیادی مقاصد کی وضاحت کیجیے۔ ECCE کو ہندوستان میں کیوں مضبوط کیا جانا چاہیے۔ مدلل اور مفصل تحریر کیجیے۔
12. بچوں کی ترقی کی جانچ کے آلات (Tools of Assessment Children's Progress) کون کون سے ہیں؟ تفصیلاً بیان کیجیے۔
13. ابتدائی بچپن کی نگہداشت اور تعلیم کے طویل اور قلیل مدتی مقاصد کیا ہیں؟
14. مونٹیسوری اور کنڈرگارٹن طریقوں کے درمیان فرق کی وضاحت کیجیے۔
15. پروجیکٹ طریقہ کو مثالوں کے ساتھ بیان کرتے ہوئے اس کی خصوصیات قلم بند کیجیے۔